6-Jan-11

پریس ریلیز

سال نو پر مہنگائی نے سفید پوش اور غریب خاندانوں پر خود کش حملہ کر دیا ہے۔

کراچی۔(پ۔ر) سال نو پر مہنگائی نے سفید پوش اور غریب خاندانوں پر خودکش حملہ کر دیا ہے۔اس کے بعد اب انکا اللہ ہی حافظ ہے۔ان حالات میں سماجی اداروں کا وجود ایک نعمت خداوندی سے کسی بھی طرح کم نہیں۔

عالمگیر ویلفیئر ٹرسٹ انٹرنیشنل اپنے ڈونروں کے بھرپور تعاون سے ہوشربا مہنگائی سے ڈسے عوام کی بھرپور مدد کر رہا ہے۔یہ بات عالمگیر ویلفیئر ٹرسٹ کے ترجمان شکیل دہلوی نے ایک اخباری بیان میں کہی۔انہوں نے بتایا کہ غریب کا سوکھی روٹی کھانے کے سوا اور کوئی چارہ نہیں ہے جبکہ عالمگیر ویلفیئر ٹرسٹ نے شہریوں کی جانب سے صدقہ کے بکرے اور گائے ذبیحہ کرا کران افراد کو گوشت جیسی نعمت فراہم کی ہے،شکیل دہلوی نے بتایا کہ صرف ماہ دسمبر میں 535 من گوشت، سے دوسو اسکول اور مدارس کے طلبہ کو، پانچ ہزار سفید پوش غریب گھرانوں، سیکڑوں گائنی اور ٹی بی کے مریضوں، پانچ سو مزدوروں، دارالعلوم کے سیکڑوں طلبہ، پانچ سرکاری وخیراتی ہسپتالوں کے مریضوں، غریب بے سہارا بچیوں کی شادی کے موقع پر دو ہزار باراتیوں کو کھانا پکا کر اور عالمگیر ویلفیئر ٹرسٹ میں روزانہ آنے والی خواتین اور بچوں اور تقریباً دو ہزار محنت کشوں کو روزانہ کھانا پیک کر کے ان چوراہوں پر جہاں مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والے افراد کو جو اپنا روزگار حاصل کرنے کیلئے بیٹھے ہوتے ہیں، کھانے پکا کر فراہم کیے گئے۔ترجمان نے مخیّر شہریوں سے اپیل کی ہے کہ وہ غریبوں کو گوشت جیسی نعمت فراہم کرنے کیلئے زیادہ سے زیادہ صدقے کے بکرے ذبح کرائیں اور قلبی سکون حاصل کریں۔

#